پاکستان اور سری لنکن بورڈ الیون کا دو روزہ میچ ڈرا ہو گیا۔

- دوسرے دن کے کھیل میں بابر اعظم کے 79 اور سعود شکیل کے 61 رنز۔

ہمبنٹوٹا 12 جولائی، 2023:

پاکستان اور سری لنکن کرکٹ بورڈ الیون کے درمیان ہمبنٹوٹا کے مہندرا راجاپاکسے اسٹیڈیم میں کھیلا گیا دو روزہ پریکٹس میچ ڈرا ہو گیا۔

جب کھیل ختم ہوا تو میزبان ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 88 رنز بنائے تھے اور اس کے 4 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔ پہلی اننگز میں سنچری بنانے والے اوشادا فرنینڈو 6 رنز بنا سکے۔ نووانیدو فرنینڈو 31 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

گرنے والی ان چار میں سے دو وکٹیں سلمان علی آغا نے حاصل کیں۔ شاہین شاہ آفریدی اور نسیم شاہ نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل پاکستانی ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں 342 رنز اسکور کیے جس کی خاص بات شان مسعود کے 83 بابر اعظم کے 79 اور سعود شکیل کے 61 رنز تھے۔

میچ کے دوسرے دن پاکستانی ٹیم نے 160 رنز تین کھلاڑی آؤٹ پر اپنی پہلی اننگز شروع کی۔ بابر اعظم نے جو 14 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے ایک بار پھر اپنی ورلڈ کلاس کے مطابق بیٹنگ کی اور وہ 113 گیندوں پر 79 رنز بنا کر ریٹائرڈ آؤٹ ہوئے۔

ان کی اننگز میں ایک چھکا اور سات چوکے شامل تھے۔

سعود شکیل نے بھی عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 86 گیندوں پر چھ چوکوں کی مدد سے 61 رنز اسکور کیے۔ وہ بھی ریٹائرڈ آؤٹ ہوئے۔

بعد میں آنے والے بیٹسمینوں میں سرفراز احمد 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ سلمان علی آغا۔ محمد رضوان اور محمد حریرہ بارہ بارہ رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

میزبان ٹیم کی طرف سے لکشیا تھامانا سنگھے نے 82 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل سری لنکن کرکٹ بورڈ الیون پہلی اننگز میں 196 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی جس میں اوشادا فرنینڈو کی سنچری قابل ذکر تھی۔

پاکستان کی طرف سے شاہین شاہ آفریدی اور حسن علی نے تین تین وکٹیں حاصل کی تھیں۔

اب پاکستانی کرکٹ ٹیم اتوار سے گال میں سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ میں مدمقابل ہوگی۔

مختصر اسکور۔

سری لنکن کرکٹ بورڈ الیون 196 رنز (46 اعشاریہ 3 اوورز) اوشادا فرنینڈو 113۔ حسن علی 22/3 وکٹ۔ شاہین شاہ آفریدی 3/37 وکٹ۔

پاکستان پہلی اننگز۔342رنز(78اعشاریہ3اوورز)۔شان مسعود83۔بابراعظم79۔سعود شکیل61۔ماناسنگھے82/4وکٹ۔)

سری لنکن کرکٹ بورڈ دوسری اننگز88رنز4کھلاڑی آؤٹ(30اوورز)۔

نووانیدو فرنینڈو31رنزناٹ آؤٹ۔سلمان علی آغا18/2وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial